# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاستی اسمبلی اور ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان؛ 20 نومبر کو رائے دہی اور 23 نومبر کو ووٹوں کی گنتی۔

☆ الیکشن کمیشن کا ریاست میں 530 مثالی انتخابی مراکز قائم کرنے کا منصوبہ۔

☆ دھاراشیو' ناندیڑ اور لاتور اضلاع میں رائے دہی بیداری اور ضابطۂ اخلاق کی مؤثر عمل آوری کیلئے انتظامیہ تیار۔

☆ ریاست کی دیگر چھ ذاتوں کو OBC میں شامل کرنے کی قومی پسماندہ کمیشن کی مرکز کو سفارش۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور نیوزی لینڈ ٹسٹ کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا پہلا مقابلہ آج سے بنگلورو میں۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی الیکشن کمیشن نے مہاراشٹر اور جھارکھنڈ کے اسمبلی انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کل ایک اطلاعی کانفرنس میں انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا۔ مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات ایک ہی مرحلے میں ہوں گے، جبکہ کل سے ریاست بھر میں انتخابی ضابطۂ اخلاق نافذ ہو چکا ہے۔

انتخابات کا نوٹیفکیشن 22 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا اور اسی دن سے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا عمل شروع ہو جائے گا' جبکہ 29 اکتوبر تک کاغذات نامزدگی داخل کیے جاسکتے ہیں۔ 30 اکتوبر کو امیدواری عریضوں کی جانچ کی جائیگی اور 4 نومبر تک عریضے واپس لیے جاسکیں گے اور 20 نومبر کو ریاست بھر میں ایک ہی مرحلے میں رائے دہی ہوگی۔

ناندیڑ کے رکن پارلیمان وسنت چوان کی موت کی وجہ سے خالی ہونے والی پارلیمانی نشست کا ضمنی چناؤ بھی 20 نومبر کو ہوگا۔ جبکہ رکنِ پارلیمان راہل گاندھی کے استعفیٰ کی وجہ سے خالی ہونے والی وائناڈ لوک سبھا نشست کا ضمنی انتخاب 13 نومبر کو اور 38 انتخابی حلقوں میں 20 نومبر کو دوسرے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

تمام انتخابات کے ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ایک ہی دن کی جائے گی۔

چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ انتخابات کے عمل میں ٹکنالوجی کا مکمل استعمال کیا جائے گا۔ اپنے انتخابی مرکز سے متعلق معلومات ووٹر ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ خواتین کے زیرِ انتظام انتخابی مراکز کا قیام اور تمام مراکز پر ضروری سہولیات کی فراہمی کی جائے گی۔

رائے دہندگان کو قطاروں میں بیٹھنے کیلئے بینچ فراہم کیے جائیں گے' معذورین اور 85 سال سے زائد عمر کے افراد کیلئے گھر سے رائے دہی کی سہولت دی جائیگی۔

ریاست کے 36 اضلاع کی 288 نشستوں میں سے 234 نشستیں اوپن زمرے کیلئے، 29 نشستیں درج فہرست ذاتوں کیلئے اور 25 نشستیں درج فہرست قبائل کیلئے مختص ہیں۔ ریاست میں مجموعی طور پر نو کروڑ 63 لاکھ رائے دہندگان ہیں جن میں چار کروڑ 97 لاکھ مرد اور چار کروڑ 66 لاکھ خواتین رائے دہندگان شامل ہیں۔ ان میں سے 18 لاکھ رائے دہندگان پہلی بار رائے دہی کے عمل میں حصہ لیں گے۔ ریاست میں جملہ ایک لاکھ 186 پولنگ اسٹیشن بنائے جائیں گے، جن میں سے 530 مثالی پولنگ اسٹیشنوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ نے اپنے انتخابی نشان میں مماثلت کی وجہ سے ٹرمپیٹ کے نشان کو منجمد کرنے کا مطالبہ کیا تھا' لیکن یہ دونوں ہی نشان الگ الگ ہونے کی بات راجیو کمار نے کہی ہے۔ راجیو کمار نے کہا کہ ہم ریاست کی ڈائریکٹر جنرل آف پولس رشمی شکلا کے بارے میں فیصلہ لیتے وقت سپریم کورٹ کے فیصلے اور دیگر رہنماء خطوط پر غور کریں گے۔ جب الیکشن کمیشن کی ٹیم ممبئی کے دورے پر تھی' کانگریس نے رشمی شکلا کو ہٹانے کا مطالبہ کیا تھا۔

دریں اثناء انھوں نے جعلی آڈیو ٹیپ چلا کر ووٹروں کو گمراہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا عندیہ بھی دیا۔ راجیو کمار نے میڈیا کو رائے دہی اور رائے شماری کے رجحان کا اعلان کرتے ہوئے محتاط رہنے اور ماضی کے تجربات پر غور کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا:

*''پہلی کاؤنٹنگ ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوتی ہے اور ہمارے پاس پرمان ہے اس بار کی آٹھ پانچ' آٹھ دس' آٹھ پندرہ پر آنے لگا' اتنے کی لیڈ' اتنے کی لیڈ۔ ایسا تو نہیں ہے کہ وہ جسٹیفائی کرنے کیلئے شروع میں یہ ٹرینڈس آ گئے۔ ایک وِشئے ایسا ہے کہ جس پر کچھ نہ کچھ منتھن' کچھ نہ کچھ اینڈ آئی ایم شیور' جب جب اس دیش میں اس طرح کی ضرورت ہوتی ہے تو ایک سیلف کریکشن ضرور کریں گے۔''*

***** ***** *****

نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ آج مرکز کے زیر انتظام ریاست جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ نائب گورنر منوج سنہا صبح ساڑھے گیارہ بجے سری نگر کے شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں منعقدہ ایک تقریب میں عمر عبداللہ اور ان کی کابینہ میں شامل وزراء کو حلف دلائیں گے۔ حال ہی میں ہوئے اسمبلی انتخابات میں نیشنل کانفرنس کو اکثریت ملنے کے بعد گورنر نے انہیں حکومت بنانے کی دعوت دی تھی۔ یہ انتخابات دس سال کے وقفے کے بعد ہوئے ہیں۔ جموں وکشمیر اسمبلی کے آخری انتخابات 2014 میں ہوئے تھے۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ تقریب حلف برداری کے مقام کے ارد گرد سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی حلقۂ انتخاب کا جائزہ لینے کیلئے ''رَنانگن ودھان سبھے چے'' پروگرام کا' کل جمعرات 17 اکتوبر سے آکاشوانی پر آغاز ہو رہا ہے۔ سامعین یہ پروگرام ہر شام سات بجکر 10 منٹ پر سن سکیں گے۔ یہ پروگرام علاقائی خبروں کے دفتر کے یوٹیوب چینل پر بھی نشر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی نائب اسپیکر نیلم گورہے نے کل قانون ساز کونسل میں گورنر کی جانب سے نامزد سات ارکان کو رُکنیت کا حلف دلایا۔ ان میں چتر اواگھ، وِکرانت پاٹل، دھرم گرو بابو سنگھ راٹھوڑ، پنکج بھجبل، ادریس نائیکواڑی، ہیمنت پاٹل، اور منیشا کائندے شامل ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس نے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے سینئر انسپکٹرز اور سینئر الیکشن کوآرڈینیٹر مقرر کیے ہیں۔ کانگریس نے ایک خط کے ذریعے اعلان کیا ہے کہ سچن پائلٹ اور اُتم کمار ریڈی کو مراٹھواڑہ کے انسپکٹر کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

پسماندہ طبقات کے قومی کمیشن نے مرکزی حکومت سے سفارش کی ہے کہ دیگر پسماندہ طبقات کی فہرست میں مزید چھ ذاتوں کو شامل کیا جائے۔ ریاستی حکومت نے کمیشن کو چھ ذاتوں کو مرکزی فہرست میں شامل کرنے کی تجویز بھیجی تھی، جن میں گُلونت وانی، کُنبی وانی، کراڑی، کانوڑی، یا کناڑی، نیوے وانی، سلمانی اور نشاذ' ملاّ' ملاح یا ناوک شامل ہیں۔ گذشتہ سات 17 اکتوبر اور اس سال 26 جون کو کمیشن نے اس پر عوامی سماعت کی، جس میں تمام دستاویزات درست پائے گئے اور یہ سفارش مرکزی حکومت کو پیش کی گئی۔ اس طرح کی اطلاع کمیشن کی جانب سے شائع نوٹیفکیشن میں دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین تین ٹسٹ کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا پہلا مقابلہ آج سے بنگلورو میں شروع ہورہا ہے۔ صبح ساڑھے نو بجے یہ میچ شروع ہوگا۔ بھارت کو عالمی ٹسٹ چمپئن میں پہنچنے کیلئے اب دس میں سے سات مقابلے جیتنے ہوں گے۔ اس لحاظ سے نیوزی لینڈ کے خلاف تین مقابلوں کی سیریز اہمیت کی حامل ہوچکی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے چار اسمبلی حلقوں میں 14 لاکھ دو ہزار 325 افراد رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ ضلع الیکشن فیصلہ افسر و ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے نے یہ اطلاع پریس کانفرنس میں دی۔ انھوں نے کہا کہ شہریوں کے گھر جاکر ووٹ ڈالنے کی اپیل کی جائیگی۔ بیلیٹ پیپر گھر گھر پہنچائے جائیں گے۔ رائے دہی بیداری پروگرام پر مؤثر عمل آوری کی جائیگی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں 27 لاکھ 71 ہزار 453 ووٹر ہیں۔ لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کیلئے ضلع میں 21 ہزار 516 افسران و ملازمین کو تعینات کیا جائیگا۔ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے کہا کہ نو رائے دہی مراکز میں 100 فیصد خواتین افسران ہوں گی۔ 9 انتخابی مراکز میں 100 فیصد معذور افسران ہوں گے اور 9 مراکز میں نوجوان پولنگ افسران ہوں گے۔ لہٰذا لوہا' کنوٹ' ہدگاؤں کے تین حلقوں کو چھوڑ کر دیگر چھ حلقوں میں ووٹروں کو انتخاب کیلئے صرف ایک بار اپنی انگلی پر سیاہی لگانے کی ضرورت ہوگی۔ لیکن انھیں اسمبلی و پارلیمانی انتخاب کیلئے ووٹ دینا ہے۔ انتخابی مرکز جانے کے بعد کلکٹر نے بتایا کہ اسمبلی و لوک سبھا میں ووٹنگ کیلئے مختلف ای وی ایم مشینیں ہوں گی۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں 20 لاکھ 26 ہزار 567 رائے دہندگان اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ ضلع میں 40 نئے انتخابی مراکز کا اضافہ ہوا ہے اور تقریباً دو ہزار 142 انتخابی مراکز ہوں گے۔ سی وِجل ایپ کے ذریعے سے عوام سے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایت درج کروانے کی اپیل ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی 18 تا 21 اکتوبر تک انٹر کالج گیان تیرتھ یوتھ فیسٹیول کا انعقاد کرے گی۔ ناندیڑ' پربھنی' لاتور' اور ہنگولی اضلاع کے 99 کالجوں کے ڈیڑھ ہزار طلبہ اس میں حصہ لیں گے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاستی اسمبلی اور ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان؛ 20 نومبر کو رائے دہی اور 23 نومبر کو ووٹوں کی گنتی۔

☆ الیکشن کمیشن کا ریاست میں 530 مثالی انتخابی مراکز قائم کرنے کا منصوبہ۔

☆ دھاراشیو، ناندیڑ اور لاتور اضلاع میں رائے دہی بیداری اور ضابطۂ اخلاق کی مؤثر عمل آوری کیلئے انتظامیہ تیار۔

☆ ریاست کی دیگر چھ ذاتوں کو OBC میں شامل کرنے کی قومی پسماندہ کمیشن کی مرکز کو سفارش۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور نیوزی لینڈ ٹسٹ کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا پہلا مقابلہ آج سے بنگلورو میں۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****